**DIRECTORATE**
**GENERAL PUBLIC RELATIONS**
**BALOCHISTAN**

**نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ**
**حکومت بلوچستان**

**مورخہ** 08.08.2024

| نمبر شمار | اہم قومی ومقامی خبریں | اخبارات |
|---|---|---|
| 01 | بلوچستان کی ترقی وخوشحالی حکومت کی اولین ترجیح ہے، وزیراعظم | جنگ ودیگر اخبارات |
| 02 | بلوچستان کے طبی شعبوں میں بی ایس پروگرام متعارف کرانا انقلابی اقدام ہے، گورنر | جنگ ودیگر اخبارات |
| 03 | بلوچستان یکجہتی کمیٹی کا احتجاج ڈاکٹر مالک کا وزیراعظم سے رابطہ، وزیراعلیٰ سے ملاقات | جنگ ودیگر اخبارات |
| 04 | عوام کو بلوچستان کی پہلی واٹر ایکٹ اور پالیسی کا تحفہ دینگے، صادق عمرانی | جنگ ودیگر اخبارات |
| 05 | یورپ میں بیٹھے لوگ حالات خراب کرنیکی کوشش نہ کریں، ضیاء لانگو | جنگ ودیگر اخبارات |
| 06 | حلقے کے عوام سے ملکر علاقے کی تقدیر بدل دینگے، لیاقت لہڑی | آزادی ودیگر اخبارات |
| 07 | حب کو ترقی کی راہ پر گامزن اور روشنیوں کا شہر بنائینگے، علی حسن | آزادی ودیگر اخبارات |
| 08 | اتحاد واتفاق سے ہی دشمن کی مات دی جاسکتی ہے، بخت محمد کاکڑ | باخبر ودیگر اخبارات |
| 09 | بیلہ جام کمال کا سیلاب سے متاثرہ علاقوں کا دورہ حکام کی بریفنگ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 10 | چینی ماہرین سے ملاقات میں بلوچستان حکومت کی نمائندگی کی، ظہور بلیدی | جنگ ودیگر اخبارات |
| 11 | آزادی کے دل وجان سے قدر کرنے کی ضرورت ہے، صوبائی وزیر تعلیم | جنگ ودیگر اخبارات |
| 12 | نوشکی پاک ایران شاہراہ ساتویں روز بھی بند رہی | مشرق ودیگر اخبارات |
| 13 | بلوچستان میں ریلوے کے منصوبے بروقت مکمل کیے جائیں، ڈپٹی چیئرمین سینیٹ | مشرق ودیگر اخبارات |
| 14 | محکمہ صحت کے پروجیکٹس کی 32 گاڑیاں غیر متعلقہ افراد کی زیر استعمال | مشرق ودیگر اخبارات |
| 15 | قلعہ عبداللہ میں پولیو وائرس کا ایک اور کیس سامنے آگیا | جنگ ودیگر اخبارات |
| 16 | ہرنائی جھل مگسی، زیارت اور دیگر شہروں میں بارشیں کچے مکانات کو شدید نقصان سیلابی ریلوں سے سڑکیں بند | جنگ ودیگر اخبارات |
| 17 | بلوچستان ہائی کورٹ چیک پوسٹوں پر ایف سی کے اختیارات پولیس کو منتقل کرنے کا حکم | جنگ ودیگر اخبارات |
| 18 | شہدا 8 اگست کی قربانی کو رائیگاں نہیں جانے دینگے، وکلا تنظیمیں | جنگ ودیگر اخبارات |

## امن وامان:

مستونگ میں بدامنی چیک پوسٹوں پر بھتہ وصولی، پنجگور اشتہاریوں سمیت 21 ملزمان گرفتار،

## عوامی مسائل:

مہنگائی میں کمی کرنے کے لئے بہتر معاشی پالیسی مرتب کرنے کی ضرورت ہے، سبی ہرنائی ٹرین دو ہفتے گزرنے کے باوجود بحال نہ ہوسکی، مسافروں کو مشکلات، میرے شوہر کو فوری منظر عام پر لایا جائے، اہلیہ جیئند بلوچ کی اپیل

CamScanner

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

مورخہ 08.08.2024

**اداریہ :**

روزنامہ بلوچستان نیوز کوئٹہ نے "بلوچستان کے آبی مسائل اور وفاقی حکومت کی یقین دہانی " کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے کہ وزیراعلیٰ بلوچستامیر سرفراز بگٹی نے کچھی کینال کے فیز ٹو اور تھری پر کام شروع کرنے کا مطالبہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ وفاقی حکومت بلوچستان پر خصوصی توجہ دے اس سے مثبت اور اچھا پیغام جائے گا گزشتہ روز وفاقی وزیر آبی مسائل مصدق ملک کی زیر صدارت کچھی کینال کی بحالی اور تعمیراتی پیش رفت سے متعلق اعلیٰ سطحی جائزہ اجلاس منعقد ہوا جس میں وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی بھی بزریعہ ویڈیو لنک شریک ہوئے وزیراعلیٰ بلوچستان ہمراہ ایڈیشنل چیف سیکرٹری ترقیات ومنصوبہ بندی اور دیگر حکام بھی اجلاس میں شریک تھے۔ وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے دوران اجلاس نہ صرف کچھی کینال بلکہ بلوچستان کے جملہ آبی وسائل اور مسائل پر کھل کر روشنی ڈالی اور بھرپور انداز میں صوبے کا موقف پیش کیا انہوں نے اجلاس کو بتایا کہ کچھی کینال کا پہلا فیز 22 سال میں مکمل ہوا جس کے بعد غیر آباد اراضیات کی سیرابی کا عمل شروع ہونے سے سینکڑوں خاندان کمانڈ ایریا میں آباد ہوئے تاہم بدقسمتی سے تکمیل کے تین سال بعد ہی 2022 میں سیلاب سے کینال میں شگاف پڑ گئے اور پانی کی ترسیل معطل ہونے سے زیر کاشت رقبہ ایک بار پھر غیر آباد ہو گیا۔

**اداریے :**

روزنامہ مشرق کوئٹہ نے "بلوچستان کی معاشی ترقی کیلئے مزید اقدامات کی ضرورت " کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے

روزنامہ بلوچستان ٹائمز کوئٹہ نے "Handicraft sector " کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے

روزنامہ بلوچستان ایکسپریس کوئٹہ نے "Can Coalition Deliver? " کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے

**مضامین :**

روزنامہ مشرق کوئٹہ نے "بلوچستان کا نائن الیون !!" کے عنوان سے جعفر خان ترین کا مضمون تحریر کیا ہے

روزنامہ زمانہ کوئٹہ نے "بلوچستان میں دو ہفتوں سے قومی شاہرایں بند اشیائے ضروری کی قلت پید اہو گئی " کے عنوان سے خلیل احمد کا مضمون تحریر کیا ہے

برائے ڈائریکٹر جنرل
نظامت تعلقات عامہ بلوچستان

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. /

Dated: 08 AUG 2024

Page No. 1


## بلوچستان کی ترقی وخوشحالی حکومت کی اولین ترجیح ہے، وزیراعظم

**شہباز شریف سے سابق چیئرمین سینیٹ صادق سنجرانی کی ملاقات، نوکنڈی ماسٹر پلان سے متعلق بریفنگ دی**

کوئٹہ/اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم محمد شہباز شریف سے سابق چیئرمین سینیٹ اور رکن بلوچستان اسمبلی صادق سنجرانی کی ملاقات بلوچستان سے متعلق مختلف امور پر بات چیت کی گئی۔ اس موقع پر وزیراعظم میاں محمد شہباز شریف نے کہا کہ بلوچستان کے عوام کی ترقی وخوشحالی حکومت کی اولین ترجیحات میں شامل ہے۔ بلوچستان کے معدنی ذخائر سے بھرپور استفادہ حاصل کرنے کے حوالے سے چاغی منزل راہداری کا قیام عمل میں لایا جارہا ہے چاغی منزل راہداری میں کئی منصوبے زیر غور ہیں۔ انہوں نے کہا کہ چاغی اور گردونواح کے علاقوں کے معدنی ذخائر کی گوادر بندرگاہ تک رسائی ممکن بنانے کے لئے چاغی سے گوادر تک ریلوے لائین تعمیر کی جائیں گی چاغی میں بجلی سپلائی کا نظام بہتر بنانے کے حوالے سے گرڈ اسٹیشن قائم کیا جارہا ہے جبکہ علاقے میں پانی کی بلاتعطل فراہمی کے حوالے سے بھی اقدامات کئے جارہے ہیں۔ اس موقع پر سابق چیئرمین سینیٹ نے بلوچستان کی ترقی وخوشحالی میں خصوصی دلچسپی لینے پر اور اس حوالے سے عملی اقدامات پر وزیراعظم کا شکریہ ادا کیا سابق چیئرمین سینیٹ نے وزیراعظم کو نوکنڈی شہر کی ترقی کے حوالے سے نوکنڈی ماسٹر پلان کی حکمت عملی پر بریفنگ دی۔

## پختہ عزم ہی کسی ادارے کو مضبوط بنیاد فراہم کرسکتا ہے، گورنر

**بی یو ایم ایچ ایس کی جانب سے مختلف شعبوں میں بی ایس پروگرام متعارف کرانا انقلابی اقدام ہے، گفتگو**

کوئٹہ (خ ن) گورنر جعفر خان مندوخیل نے کہا کہ بولان یونیورسٹی آف میڈیکل اینڈ ہیلتھ سائنسز کی جانب سے نرسنگ، میڈیکل لیبارٹری ڈینٹل اینڈ سرجری وغیرہ کے مختلف شعبوں میں پیش کردہ بی ایس پروگرامز کو متعارف کروانا انقلابی اقدام ہے، پہلی میڈیکل یونیورسٹی سے سالانہ تقریباً دو ہزار طبی ماہرین پیدا کرنے کے خواب کی تعبیر سے نئی تاریخ رقم ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ وہ وقت دور نہیں جب ہم ہیلتھ کے شعبے میں قومی سطح پر ہزاروں میڈیکل ماہرین اور کمیونٹی ہیلتھ آرگنائزیشنز پیدا کرنے کے قابل ہو جائیں گے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے بولان یونیورسٹی آف میڈیکل اینڈ ہیلتھ سائنسز کے دورے کے موقع پر گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر وائس چانسلر ڈاکٹر شبیر احمد لہڑی اور پرنسپل سیکرٹری ٹو گورنر ہاشم خان غلزئی بھی موجود تھے۔ گورنر بلوچستان کو بولان یونیورسٹی آف میڈیکل اینڈ ہیلتھ سائنسز کی کارکردگی اور آئندہ کے لائحہ عمل پر بریفنگ دی گئی جس پر انہوں نے کہا کہ کوئی دیدہ ور ایڈمنسٹریٹر یا سیاست دان اپنے وسیع مگر جدید تقاضوں سے ہم آہنگ ویژن کے ذریعے ہی کسی اعلیٰ تعلیمی ادارے کو ایک مضبوط بنیاد فراہم کرسکتا ہے، پھر یہی ادارے آگے سوچنے والے وژن کو واضح کرتے ہوئے حفاظتی تدابیر، تخلیقی صلاحیتوں اور تنقیدی سوچ کو فروغ دیتے ہیں، اچھے ادارے لوگوں کے معیاری رویے بناتے ہیں اور ہیلتھ کے مجموعی نظام پر مثبت اثرات ڈالتے ہیں جس کے نتیجے میں مذکورہ ادارے عوام کی زندگیوں کو محفوظ بنانے میں مددگار ثابت ہوتے ہیں۔ گورنر نے کہا کہ بی ایس کے پیش کردہ پروگرامز کا یہ پہلو خوش آئند ہے۔ مستقبل قریب میں یہاں سے فارغ التحصیل ڈاکٹرز، طبی ماہرین اور پیرا میڈیکل اسٹاف اپنے صوبے اور صوبے سے باہر مختلف ہسپتالوں، ریسرچ لیبارٹریوں اور تشخیصی مراکز میں کام کرسکتے ہیں۔



گورنر جعفر خان مندوخیل سے مختلف وفود ملاقات کر رہے ہیں



کوئٹہ: گورنر شیخ جعفر مندوخیل کو بولان یونیورسٹی آف میڈیکل سائنسز کے وائس چانسلر پروفیسر شبیر لہڑی بریفنگ دے رہے ہیں



کوئٹہ گورنر جعفر خان مندوخیل مذہبی اسکالر قاری عبدالحفیظ لہڑی کو شیلڈ دے رہے ہیں

MASHRIQ QUETTA

## بلوچستان کے طبی شعبوں میں بی ایس پروگرام متعارف کرانا انقلابی اقدام ہے، گورنر

**نرسنگ، میڈیکل لیبارٹری، ڈینٹل اینڈ سرجری وغیرہ کے مختلف شعبوں میں پیش کردہ بی ایس پروگرامز کے اچھے نتائج برآمد ہوں گے**

**بلوچستان کی پہلی میڈیکل یونیورسٹی سے سالانہ دو ہزار طبی ماہرین پیدا کرنے کے خواب کی تعبیر سے ایک نئی تاریخ رقم ہوگی، جعفر مندوخیل**

کوئٹہ (خ ن) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کہا کہ بلوچستان کی پہلی بولان یونیورسٹی آف میڈیکل اینڈ ہیلتھ سائنسز کی جانب سے نرسنگ، میڈیکل لیبارٹری، ڈینٹل اینڈ سرجری وغیرہ کے مختلف شعبوں میں پیش کردہ بی ایس پروگرامز کو متعارف کروانا ایک انقلابی اقدام ہے۔ پہلی میڈیکل یونیورسٹی سے سالانہ تقریباً دو ہزار طبی ماہرین پیدا کرنے کے خواب کی تعبیر سے ایک نئی تاریخ ......... 

بقیہ 30 صفحہ نمبر 7 پر

رقم ہوگی۔ گورنر نے کہا کہ وہ وقت دور نہیں جب ہم ہیلتھ کے شعبے میں قومی سطح پر ہزاروں میڈیکل ماہرین اور کمیونٹی ہیلتھ آرگنائزیشنز پیدا کرنے قابل ہو جائیں گے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے آج بولان یونیورسٹی آف میڈیکل اینڈ ہیلتھ سائنسز کے دورے کے موقع پر کیا۔ اس موقع پر وائس چانسلر ڈاکٹر شبیر احمد لہڑی اور پرنسپل سیکرٹری ٹو گورنر بلوچستان ہاشم خان غلزئی بھی موجود تھے۔ گورنر بلوچستان کو بولان یونیورسٹی آف میڈیکل اینڈ ہیلتھ سائنسز کی کارکردگی اور آئندہ کے لائحہ عمل پر بریفنگ دی جس پر گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کہا کہ کوئی دیدہ ور ایڈمنسٹریٹر یا سیاست دان اپنے وسیع مگر جدید تقاضوں سے ہم آہنگ "ویژن" کے ذریعے ہی کسی اعلیٰ تعلیمی ادارے کو ایک مضبوط بنیاد فراہم سکتا ہے۔



گورنر بلوچستان جعفر مندوخیل کا بولان یونیورسٹی آف میڈیکل اینڈ ہیلتھ سائنسز کے دورے کے موقع پر اسٹوڈنٹس کے ساتھ گروپ فوٹو



گورنر جعفر خان مندوخیل بولان یونیورسٹی آف میڈیکل اینڈ ہیلتھ سائنسز کا دورہ کر رہے ہیں

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Bullet No. 1

Page No. 3


روزنامہ ایکسپریس سینچری کوئٹہ

پاکستان کے 11 شہروں سے بیک وقت شائع ہونے والا واحد اخبار

جلد 22 شمارہ 235 | جمعرات، 2 صفر المظفر، 8 اگست 2024، صفحات 8 قیمت 40 روپے


## یکجہتی کمیٹی سے مذاکرات، ڈاکٹر مالک کے وزیراعظم وزیراعلیٰ سے رابطے

### اسپیکر قومی اسمبلی سے بھی گفتگو، معاملات کو بات چیت کے ذریعے حل کرنے پر زور

### حکومت اور یکجہتی کمیٹی کی قیادت کو تحمل و بردباری کا مظاہرہ کرنے کی تجویز

کوئٹہ (این این آئی) نیشنل پارٹی کے سربراہ سابق وزیراعلیٰ بلوچستان ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ سے منگل کے روز نیشنل پارٹی کے مرکزی رہنما اور آل پارٹیز گوادر کے رکن میر اشرف حسین بلوچ نے رابطہ کر کے بلوچ یکجہتی کمیٹی اور حکومت کی جانب سے مذاکرات میں ڈیڈ (باقی صفحہ 5 نمبر 35)

لاک سے آگاہ کیا اور خدشہ ظاہر کیا گیا کہ اگر معاملات مذاکرات سے طے نہیں ہوئے تو شاید مزید مشکلات پیدا ہوں اور طاقت کے استعمال سے حالات مزید پیچیدہ ہوں، اس حوالے سے ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ نے وزیراعظم میاں شہباز شریف، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز خان بگٹی اور اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق سے رابطہ کر کے معاملات کو پرامن طریقے سے گفت و شنید کے ذریعے حل کرنے پر زور دیا اور اس امر کا اظہار کیا کہ طاقت کے استعمال سے حالات مزید پیچیدہ اور گھمبیر ہوگئے، بے چینی میں اضافہ ہوگا اس لیے ضروری ہے کہ حکومت صبر و تحمل کا مظاہرہ کرتے ہوئے بلوچ یکجہتی کمیٹی کے ساتھ تمام معاملات مذاکرات و گفت و شنید کے ذریعے حل کریں، وفاقی اور صوبائی اعلیٰ سیاسی قیادت نے ڈاکٹر مالک بلوچ کو یقین دہانی کرائی کہ معاملات کو بات چیت سے حل کیا جائیگا تاہم بلوچ یکجہتی کمیٹی کی قیادت کو مذاکرات سے متعلق سنجیدگی و بردباری کا مظاہرہ کرنا ہوگا۔ ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ نے کہا کہ حکومت اور بلوچ یکجہتی کمیٹی کی قیادت بامقصد مذاکرات کے ذریعے معاملات کو پرامن طریقے سے حل کریں۔ ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ نے آل پارٹیز گوادر کی مصالحتی کاوشوں کو بھی سراہا۔



وزیراعلیٰ سرفراز بگٹی سے نیشنل پارٹی کے سربراہ ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ ملاقات کر رہے ہیں



وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے صوبائی وزیر میر محمد صادق عمرانی اور صوبائی مشیر بابا غلام رسول عمرانی ملاقات کر رہے ہیں

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Bullet No. 1

Page No. 6

THE DAILY JANG QUETTA
روزنامہ جنگ کوئٹہ
بانی میر خلیل الرحمٰن
جلد 53 جمعرات 2 صفر المظفر 1446ھ 8 اگست 2024ء نمبر 216



کوئٹہ: وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی سے نیشنل پارٹی کے صدر ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ ملاقات کر رہے ہیں



کوئٹہ وزیر اعلیٰ سرفراز بگٹی سے رکن قومی اسمبلی میاں خان بگٹی ملاقات کر رہے ہیں

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Bullet No. 1

Page No. 5

Daily MASHRIQ QUETTA
اللہ ہی کے لئے ہیں مشرق و مغرب (قرآن حکیم)
روزنامہ مشرق کوئٹہ
جلد 53 | جمعرات 02 صفر 1446ھ 08 اگست 2024ء صفحات 08 | شمارہ 40
رجسٹرڈ BC-m-13 | Email. mashriqqta2008@gmail.com | PTCL081-2827345 081-2827344 | قیمت 30 روپے



وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے نیشنل پارٹی کے سربراہ ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ ملاقات کررہے ہیں



وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی سے صوبائی وزیر میر صادق عمرانی اور صوبائی مشیر بابا غلام رسول عمرانی ملاقات کررہے ہیں



وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے ایم این اے میاں خان بگٹی ملاقات کررہے ہیں

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Bullet No. 1

Page No. 6


MEMBER APNS | بے شک اللہ تعالیٰ بہت باریک بین اور باخبر ہے۔ (القرآن) | ABC CERTIFIED

THE DAILY BAAKHABAR QUETTA

روزنامہ باخبر کوئٹہ

بانی اکرام اللہ خان

جلد 28 | جمعرات 08 اگست 2024ء بمطابق 02 صفر المظفر 1446ھ قیمت 20 روپے | شمارہ 216



کوئٹہ، وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے نیشنل پارٹی کے سربراہ ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ ملاقات کر رہے ہیں



کوئٹہ، وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے پارلیمانی سیکرٹری میر اصغر علی رند اور میر برکت علی رند ملاقات کر رہے ہیں

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Bullet No. 1

Page No. 7


باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت | ABC CERTIFIED | بلوچستان کے عوام کا بے باک ترجمان

Daily BALOCHISTAN NEWS QUETTA

روزنامہ بلوچستان نیوز کوئٹہ

چیف ایڈیٹر محمد انور ناصر

جلد 27 | Ph :2839851 | FaX:2839867 | قیمت 10 روپے | MEMBER OF APNS | شمارہ 176

جمعرات 8 اگست 2024ء | 2 صفر المظفر | 1446ھ | رجسٹرڈ بی سی پی-10


# بلوچ یکجہتی کمیٹی کا احتجاج ڈاکٹر مالک کا وزیراعظم سے رابطہ، وزیراعلیٰ سے ملاقات

## طاقت کے استعمال سے حالات مزید پیچیدہ اور گھمبیر ہونگے حکومت صبر وتحمل کا مظاہرہ معاملات مذاکرات وگفت شنید کے ذریعے حل کرے، ڈاکٹر مالک،

### بلوچ یکجہتی کمیٹی کی قیادت کو مذاکرات سے متعلق سنجیدگی و بردباری کا مظاہرہ کرنا ہوگا، حکام، وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی سے ملاقات میں حالیہ صورتحال پر تبادلہ خیال

کوئٹہ (یو این اے) نیشنل پارٹی کے سربراہ سابق وزیراعلیٰ بلوچستان ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ سے منگل کے روز نیشنل پارٹی کے مرکزی رہنما اور آل پارٹیز گوادر کے رکن میر اشرف حسین بلوچ نے رابطہ کرکے بلوچ یکجہتی کمیٹی اور حکومت کی جانب سے


بقیہ نمبر 7 صفحہ 2 پر ملاحظہ فرمائیں

کوئٹہ (یو این اے) نیشنل پارٹی کے سربراہ سابق وزیراعلیٰ بلوچستان ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ نے بدھ کو وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے ملاقات کی اور اس امر پر زور دیا کہ بلوچ یکجہتی کمیٹی کے دھرنا اور احتجاجی مظاہرین سے مذاکرات اور گفت وشنید کے ذریعے معاملات پرامن انداز میں طے کئے جائیں۔

مذاکرات میں ڈیڈ لاک سے آگاہ کیا اور خدشہ ظاہر کی گئی کہ اگر معاملات مذاکرات سے طے نہیں ہوئے تو شاید مزید مشکلات پیدا ہوں اور طاقت کے استعمال سے حالات مزید پیچیدہ ہوں، اس حوالے سے ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ نے وزیراعظم پاکستان میاں شہباز شریف، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز خان بگٹی اور اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق سے رابطہ کرکے معاملات کو پرامن طریقے سے گفت وشنید کے ذریعے حل کرنے پر زور دیا اور اس امر کا اظہار کیا کہ طاقت کے استعمال سے حالات مزید پیچیدہ اور گھمبیر ہوگے، بے چینی میں اضافہ ہوگا اس لیے ضروری ہے کہ حکومت صبر وتحمل کا مظاہرہ کرتے ہوئے بلوچ یکجہتی کمیٹی کے ساتھ تمام معاملات مذاکرات وگفت وشنید کے ذریعے حل کریں، وفاقی اور صوبائی اعلیٰ سیاسی قیادت نے ڈاکٹر مالک بلوچ کو یقین دہانی کرائی کہ معاملات کو بات چیت سے حل کیا جائیگا تاہم بلوچ یکجہتی کمیٹی کی قیادت کو مذاکرات سے متعلق سنجیدگی و بردباری کا مظاہرہ کرنا ہوگا۔ ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ نے کہا کہ حکومت اور بلوچ یکجہتی کمیٹی کی قیادت بامقصد مذاکرات کے ذریعے معاملات کو پرامن طریقے سے حل کریں۔ ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ نے آل پارٹیز گوادر کی مصالحتی کاوشوں کو بھی سراہا۔



وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی سے صوبائی وزیر میر صادق عمرانی اور صوبائی مشیر بابا غلام رسول عمرانی ملاقات کر رہے ہیں



وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے نیشنل پارٹی کے سربراہ ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ ملاقات کر رہے ہیں

## CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Bullet No. 1

Page No. 8


باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت | ABC CERTIFIED | ویب سائٹ www.dailyazadiquetta.com
بلوچستان کا سب سے زیادہ پڑھا جانے والا اخبار

Daily AZADI Quetta


روزنامہ آزادی کوئٹہ

بانی صدیق بلوچ

جلد نمبر۔23 | جمعرات 08 اگست 2024ء بمطابق 02 صفر المظفر 1446ھ قیمت 20 روپے | شمارہ نمبر۔214




وزیراعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی سے صوبائی وزیر میر صادق عمرانی اور صوبائی مشیر بابا غلام رسول عمرانی ملاقات کر رہے ہیں



کوئٹہ، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے نیشنل پارٹی کے سربراہ سابق وزیراعلیٰ بلوچستان ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ ملاقات کر رہے ہیں

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Bullet No. 1

Page No. 8

THE DAILY INTEKHAB (Quetta)

روزنامہ انتخاب کوئٹہ

قیمت 30 روپے

صفحات

I-4

www.dailyintekhab.PK
Intekhabnews@gmail.com.
Quetta Ph:081-2822909

| | | |
|---|---|---|
| جلد نمبر 31 | بروز جمعرات ۸ اگست 2024ء بمطابق 2 صفر المظفر 1446ھ | شمارہ نمبر 216 |



وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے نیشنل پارٹی کے سربراہ ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ ملاقات کر رہے ہیں

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Bullet No. 1

Page No. 10


باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت | مسلسل اشاعت کے 79 سال | بلوچستان کا قدیم اور مقبول روزنامہ

DAILY ZAMANA

روزنامہ زمانہ کوئٹہ

بانی: سید فصیح اقبال

چیف ایڈیٹر: محمد حمید الامین

جلد 79 | جمعرات 8 اگست 2024ء، 2 صفر المظفر 1446ھ | صفحات 6 | قیمت 20 روپے | شمارہ 216




وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے نیشنل پارٹی کے سربراہ ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ ملاقات کررہے ہیں

**CLIPPING SERVICE**

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان


# Balochistan Times

92 NEWS MEDIA GROUP

Founded by Syed Faseih Iqbal in 1976

balochistantimes.pk @balochistantimes.pk BTimes_pk

Regd No. B.C.6 VOL. XLV No. 822 QUETTA Thursday August 08, 2024 /Safar ul Muzaffar 02, 1446 Rs: 30




QUETTA: Chief Minister Balochistan Mir Sarfraz Bugti in a meeting with Provincial Minister Sadiq Umrani and Advisor to CM Ghulam Rasool Umrani on Wednesday.

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: AZADI QUETTA

Bullet No. 1

Dated: 08 AUG 2024 Page No. 2

## آزادی کے دل وجان سے قدر کرنے کی ضرورت ہے، صوبائی وزیر تعلیم

### دشمن ہمیں ہر طرح سے کمزور کرنے کی کوشش میں ہیں، راحیلہ حمید درانی

کوئٹہ (خ ن) صوبائی وزیر تعلیم راحیلہ حمید خان درانی نے کہا ہے کہ بے شک یہ ملک کلمے کے نام پر وجود میں آیا ہے ہمیں یقین ہے کہ مملکت خداداد پاکستان کے قیام میں اللہ کی رضا بھی شامل تھی ضرورت اس امر کی ہے کہ ہم آزادی کی قدر کریں اس کی آزادی (بقیہ نمبر 50 صفحہ نمبر 7 پر)

میں جان کے نذرانے پیش کرنے والے شہداء اور ان کے خاندانوں کو بھی یاد رکھیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے چلڈرن اکیڈمی ٹرسٹ کوئٹہ کے زیر اہتمام یوم آزادی کی مناسبت سے منعقدہ تقریب کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے کیا اس تقریب میں شریک مہمان خصوصی ڈائریکٹر جنرل نظامت تعلقات عامہ محمد نور کھیتران وائس چیئرمین چلڈرن اکیڈمی محمد آصف سیکرٹری جنرل عبدالغفار لانگو رابعہ حمید درانی اساتذہ کرام مختلف سکولوں کے طلبہ وطالبات بھی کثیر تعداد میں شریک تھے۔ صوبائی وزیر تعلیم نے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ طلبہ وطالبات کے تقاریر سن کر بہت خوشی ہوئی کہ سب کو آزادی تاریخ کا پتہ ہے اس ملک کو حاصل کرنے کے لیے لوگوں کے پورے کے پورے گھر اور بستیاں اجڑ گئیں۔ لاشوں سے بھری ہوئی ٹرینیں ہمیں موصول ہوئیں معصوم بچے ان کے والدین کے سامنے بے دردی سے شہید کیے گئے۔ والدین معصوم بچوں کے سامنے شہید ہوئے یہ ملک ہمیں چھتری میں نہ ملا آزادی کے دل وجان سے قدر کرنے کی ضرورت ہے۔ پاکستان اس مشکل دور سے گزر رہا ہے یقیناً غلطیاں اور کوتاہیاں بھی ہوئیں ہوں گی مگر اس کا مطلب ہرگز یہ نہیں کہ اس گھر کو آگ میں جھونک دیا جائے۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: INTEKHAB QUETTA

Bullet No. 2

Dated 08 AUG 2024 Page No. 5


# بلوچستان ہائیکورٹ، چیک پوسٹوں پر ایف سی کے اختیارات پولیس کو منتقل کرنے کا حکم

## پولیس اور لیویز کو منظم کرنے سے امن وامان بہتر اخراجات کم ہوں گے، ٹرانسپورٹرز کو تنگ کرنے کا سلسلہ بند کیا جائے

**جسٹس روزی خان بڑیچ اور جسٹس عبداللہ بلوچ کے دوران سماعت ریمارکس، عدالت نے جامع رپورٹ طلب کرلی، سماعت 12 اگست تک ملتوی**

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان ہائی کورٹ نے صوبے کی چیک پوسٹوں پر ایف سی کے اختیارات جلد پولیس اور لیویز کو منتقل کرنے کا حکم دے دیا حکم جسٹس روزی خان بڑیچ اور جسٹس عبداللہ بلوچ پر مشتمل بنچ نے جاری کیا، عدالت نے اپنے ریمارکس میں کہا ہے کہ پولیس اور لیویز کو منظم کرنے سے امن وامان بہتر اخراجات کم ہوں گے، چیک پوسٹوں پر عام ٹرانسپورٹ کو بلاجواز تنگ کرنے اور لمبی قطاریں لگانے کا سلسلہ بھی بند کیا جائے ایڈیشنل چیف

بقیہ نمبر 9 صفحہ 5 پر

سیکرٹری داخلہ، آئی جی پولیس اور ڈی جی لیویز نے رپورٹ جمع کرواتے ہوئے کہا کہ ایف سی کو صرف قیام امن میں سول فورسز کی مدد کے لئے تعینات کیا گیا ہے، ایف سی کے آدھے سے زیادہ اختیارات پولیس اور لیویز کو منتقل ہو چکے جبکہ پبلک ٹرانسپورٹ کو تنگ نہ کرنے کے حوالے سے متعلقہ ضلعی انتظامیہ اور کمشنروں کو مراسلے لکھ دیے ہیں عدالت نے جامع رپورٹ طلب کرتے ہوئے سماعت 12 اگست 2024 تک ملتوی کر دی۔

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 2

Dated: 08 AUG 2024 Page No. 16

# شہدائے 8 اگست کی قربانی کو رائیگاں نہیں جانے دینگے، وکلاء تنظیمیں

آئین وقانون کی بالادستی جمہوریت کی بحالی کیلئے جوڈیشری کے اندر کرپشن اقرباپروری کے خاتمہ کیلئے جدوجہد جاری رکھیں گے

[illegible]

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان بارکونسل بلوچستان ہائیکورٹ بار ایسوی ایشن اور کوئٹہ بار ایسوسیشن کے زیراہتمام شہدا 8 اگست کی مناسبت سے آج تعزیتی ریفرنس منعقد ہو گا۔ تعزیتی ریفرنس سے ملک بھر سے وکلا نمائندگان شرکت کریں گے تعزیتی ریفرنس کیلئے پاکستان بارکونسل سپریم کورٹ بار ایسوسیشن پنجاب بارکونسل خیبر پختون خواہ بار کونسل سندھ بارکونسل اسلام آباد بارکونسل آزاد جموں کشمیر بارکونسل گلگت بلتستان بارکونسل صدر لاہور ہائیکورٹ بار ایسوی ایشن صدر پشاور ہائیکورٹ بار ایسوی ایشن صدر کراچی ہائیکورٹ بار ایسوی ایشن صدر کراچی بار ایسوی ایشن صدر لاہور بار ایسوی ایشن صدر ایبٹ آباد بار ایسوی ایشن صدر ڈیرہ اسماعیل خان بار ایسوی ایشن صدر ملتان ہائیکورٹ بار ایسوی ایشن صدر بہاولپور بار ایسوی ایشن صدر سکھر ہائیکورٹ........

بقیہ 7 صفحہ نمبر 7 پر

بار ایسوی ایشن صدر حیدرآباد ہائیکورٹ بار ایسوی ایشن صدر لاڑکانہ ہائیکورٹ بار ایسوی ایشن سمیت دیگر وکلا تنظیموں کے عہدیداران سپریم کورٹ بار ایسوی ایشن کے سابق صدور کو دعوت نامہ ارسال کیے گئے ہیں بیان میں کہا کہ شہدا 8 اگست کے وکلا کو کسی بھی صورت میں بھلایا نہیں جاتا دہشت گرد قوتوں کا خیال تھا کہ اس قسم کے واقعات سے ملک بھر کے وکلا تحریک کو دبایا جاسکتا۔ بیان میں کہا کہ ملک بھر کے وکلا تنظیمیں شہدا آٹھ اگست کے مناسبت اعادہ کرتے ہیں کہ وکلا ملک کے اندر آئین وقانون کی بالادستی جمہوریت کی بحالی کیلئے جوڈیشری کے اندر کرپشن اقرباپروری لاقانونیت کے خاتمے کیلئے اپنا جدوجہد جاری رکھیں گے۔ بیان میں بلوچستان بھر سے وکلا اور شہدا کے فیملی کو مدعو کیا جائے گا بیان میں کہا کہ شہدا آٹھ اگست کے حوالے سے جسٹس قاضی فائز عیسی کے سربراہی میں قائم ایک رکنی کمیشن رپورٹ کو حکومت نے یکسر مسترد کیا، ان کی تجاویز دہشت گردی کے خاتمے کیلئے اقدامات اٹھانے کے تجویز کو مسترد کردیا۔ اس وقت کے چیف جسٹس آف پاکستان جسٹس قاضی فائز عیسی کے کمیشن رپورٹ پر فیصلہ صادر کیا تھا بلوچستان کے وکلا تنظیموں نے اس فیصلے کے خلاف سپریم کورٹ میں ریویو پٹیشن دائر کی ہوئی ہے جس کی تاحال سماعت بھی نہیں ہوا۔ بیان میں کہا کہ بلوچستان کے وکلا تنظیمیں ملک بھر کے وکلا تنظیموں کے ساتھ ملکر شہداء آٹھ اگست کے قربانیوں کو رائیگاں نہیں جانے دیں گے اور اپنا جدوجہد جاری رکھیں گے۔

Century Express Quetta

# کنرانی نے لاپتہ افراد کے لواحقین کو معاوضہ کی ادائیگی چیلنج کردی

آئین کے آرٹیکل 9 کے تحت حکومت ہر شہری کی جان ومال کی حفاظت کی ذمہ دار ہے، درخواست

کوئٹہ (این این آئی) سپریم کورٹ بار ایسوی ایشن کے سابق صدر امان اللہ کنرانی نے آئینی درخواست کے ذریعے بلوچستان ہائی کورٹ میں وفاقی حکومت کی کابینہ کے فیصلے مصدرہ 2 اگست کی روشنی میں ملک کے لاپتہ افراد کے لواحقین کو 50 لاکھ روپے معاونت کی منظوری کو چیلنج کرتے ہوئے اس کو بنیادی حقوق سے روگردانی ولوگوں کی عزت نفس کو مجروح کرنے کے مترادف قرار دیا درخواست میں موقف اختیار کیا گیا ہے کہ ہر شہری آئین کے آرٹیکل 5 کے تحت ملک کے وفادار ہونے کا پابند ہے آئین قانون کے طابع آرٹیکل 4 تحت حکومت کو قانون پر عملداری کا پابند بناتا ہے (باقی صفحہ 5 نمبر 12)

اسی طرح بنیادی حقوق کے آئینی آرٹیکل 9 کے تحت حکومت ہر شہری کی جان ومال کی حفاظت کی ذمہ دار ہے لواحقین کو نقد رقم کی ادائیگی منصوبہ حکومت کی ناکامی وفرائض سے غفلت اور آئین کے آرٹیکل 5 کی وفاداری سے روگردانی اور آئین کے آرٹیکل 14 کے تحت حاصل بنیادی حق میں عزت نفس کے تحفظ سے انحراف ہے۔

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No 3

Dated 08 AUG 2024 Page No. 8


## حالات کا ادراک نہ کیا گیا تو بھیانک نتائج برآمد ہوں گے، خوشحال کاکڑ

کوئٹہ (پ ر) پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کے چیئرمین خوشحال خان کاکڑ ... 8 اگست 2016 کے ... شہداء کی آٹھویں برسی کے موقع پر ... [illegible]

... انہوں نے کہا کہ اگر اسٹیبلشمنٹ اور دیگر ریاستی اداروں نے حالات کا ادراک نہ کیا تو اس کے بھیانک نتائج برآمد ہوں گے۔

## موجودہ صورتحال ہم سے سنجیدہ اقدامات کا تقاضا کرتی ہے، اصغر اچکزئی

[illegible]

## ہنہ اوڑک کے بارش متاثرین کی داد رسی یقینی بنائی جائے، جے یو آئی

[illegible]

## مشکل گھڑی میں زیارت کے سیلاب متاثرین کیساتھ ہیں، زیارتوال

[illegible]

## سانحہ 8 اگست کی رپورٹ پر آج تک عملدرآمد نہ ہو سکا، جمعیت نظریاتی

کوئٹہ (پ ر) جمعیت نظریاتی بلوچستان کے امیر مولانا عبدالقادر لونی جنرل سیکرٹری مولانا حافظ عبدالاحد کہدائی نائب امیر مولانا محمد حیات نائب امیر مولانا عبدالرؤف نائب امیر سید حاجی عبدالستار شاہ چشتی صوبائی ترجمان مولانا نیاز محمد صوبائی نائب امیر مفتی رحمت اللہ صوبائی سرپرست ... جنرل سیکرٹری حاجی عبداللہ حقانی جوائنٹ سیکرٹری میر مبارک محمد حسنی سرپرست مولانا نعمت اللہ سیکرٹری اطلاعات مولوی رحمت اللہ حقانی مالیات سیکرٹری مولانا حافظ عبدالواحد ... صوبائی سالار ... نے کہا ہے کہ 8 اگست کا ... سانحہ صوبے کی تاریخ کے ... سانحات میں سے ایک ہے ... [illegible]

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: INTEKHAB QUETTA

Bullet No 4

Dated: 08 AUG 2024 Page No 9

## مستونگ میں بدامنی، چیک پوسٹوں پر بھتہ وصولی

[illegible]

## پنجگور، اشتہاریوں سمیت 21 ملزمان گرفتار

[illegible]

## مہنگائی میں کمی کرنے کے لئے بہتر معاشی پالیسی مرتب کرنیکی ضرورت ہے

**بجلی بلز میں ہوشربا اضافے کے باعث متوسط و غریب طبقے پر عرصہ حیات تنگ ہو گیا ہے، عوامی حلقے**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) حکومت کو چاہئے کہ عوام کو زندہ رہنے کے لئے مہنگائی میں کمی کرنے کے لئے بہتر معاشی پالیسی مرتب کرے اور بجلی گیس پٹرولیم کی قیمتوں میں فوراً کمی کر کے عوام کو جینے کا حق فراہم کرے۔ روز بروز بڑھتی بجلی کی قیمتوں نے شہریوں کو تشویش میں مبتلا کر رکھا ہے ایک طرف ملک میں معاشی بدحالی کے ڈیرے ہیں، تو دوسری جانب ہر گزرتے دن کیساتھ روپے کی قدر میں کمی، بجلی، گیس سمیت اشیائے خورد و نوش کی قیمتوں میں اضافے کے سبب ہونے والی مہنگائی سے غریب اور متوسط طبقے کا جینا دوبھر ہو کر رہ گیا ہے۔ یہ بات شہریوں نے بجلی کی قیمت میں اضافے کے ردعمل میں کہی، شہریوں کا کہنا ہے کہ ہر حکومت اس دعوے کے ساتھ اقتدار میں آتی ہے کہ وہ چوروں، لٹیروں کا کڑا احتساب کر کے غریبوں کو ریلیف فراہم کرے گی اور عوام خوشحال ہوں گے۔ مگر جو بھی حکومت اقتدار میں آتی ہے، عوام کو میسر تمام ریلیف اور سبسڈی ختم کر دیتی ہے، روز بروز بڑھتی مہنگائی کا سلسلہ ہے کہ رکنے کو نہیں آ رہا۔ اسی لاکھ سے زائد پاکستانی غربت کی لکیر سے نیچے جا چکے ہیں، اس سب کے باوجود آئی ایم ایف کی جانب سے بجلی، گیس اور پٹرول کی قیمتوں میں اضافے کے لیے مسلسل دباؤ ہے اور اس کے سامنے حکومت نے سر تسلیم خم کر رکھا ہے۔ بجلی کی قیمت میں مسلسل اضافے نے عوام کا جینا اور تاجروں و صنعتکاروں کا کاروبار کرنے کا حق چھینا لیا ہے جب معیشت ہی نہیں چلے گی تو حکومت ٹیکس کیسے جمع کرے گی۔

## سبی ہرنائی ٹرین دو ہفتے گزرنے کے باوجود بحال نہ ہو سکی، مسافروں کو مشکلات

**حالیہ بارشوں میں ٹریک بہہ گیا تھا موسم ٹھیک ہونے کے بعد مرمت کے کام میں ڈیڑھ ہفتہ لگ سکتا ہے**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) 4 ارب روپے کی لاگت سے بننے والا سبی ہرنائی ریلوے ٹریک بارشیں نہ سہہ سکا، سبی ہرنائی ریلوے سیکشن کا افتتاح گزشتہ سال 25 دسمبر کو کیا گیا تھا جو 17 سال کے بعد بحال ہوا تھا جب کہ اس ریلوے سیکشن کے ٹریک کی مرمت پر 4 ارب سے زائد رقم خرچ کی گئی تھی۔ ریلویز حکام کے مطابق سبی ہرنائی ریلوے سیکشن کا بیشتر حصہ ہرنائی کے پہاڑی علاقوں میں ندی کے ساتھ ساتھ بچھا ہوا ہے جس کے ساتھ حفاظتی دیوار کی تعمیر نہ ہونے سے بارش میں ریلوے ٹریک بہہ جاتا ہے۔ حکام کا کہنا ہے کہ سبی ہرنائی ریلوے ٹریک 24 جولائی کو سیلابی ریلے کے باعث بہہ گئی تھی اس علاقے میں بارش کا سلسلہ جاری ہے، سبی ہرنائی ریلوے ٹریک کی پٹڑی بہہ جانے سے ہرنائی کیلئے ٹرین سروس پچھلے 13 روز سے معطل ہے، موسم ٹھیک ہونے کے بعد ٹرین سروس بحال کرنے میں ایک سے ڈیڑھ ہفتہ کا وقت لگ سکتا ہے۔ سبی اور ہرنائی ریلوے ٹریک اگست 2006 میں بند ہو گیا تھا۔ ٹرین بندش سے جہاں مقامی لوگوں کو سماجی، معاشی اور دیگر مسائل کا سامنا ہوتا ہے، وہیں مذہبی تہواروں، ثقافتی اجتماعات سمیت دیگر رابطوں میں بھی مشکلات پیدا ہوتی ہیں، ریلوے لائن کی بندش سے ہرنائی کے مقامی لوگوں کو 6 اضلاع سے ہو کر سبی جانا پڑتا ہے، یہ سفر مہنگا اور طویل دورانیے پر محیط ہے۔ ٹرین ٹریک بند ہونے سے سبی اور دیگر علاقے، ہرنائی سے آنے والی تازہ زرعی اجناس سے محروم ہو جاتے ہیں۔

INTEKHAB QUETTA

## میرے شوہر کو فوری منظر عام پر لایا جائے، اہلیہ جیئند بلوچ کی اپیل

**گوادر میں منعقدہ راجی مچی کے موقع پر گرفتار کر کے لاپتہ کر دیا گیا، تا حال کچھ معلوم نہیں، پریس کانفرنس**

کوئٹہ (آن لائن) جیئند بلوچ کی اہلیہ رضوانہ بلوچ نے کہا کہ گوادر میں ہونے والی راجی مچی کے موقع پر میرے شوہر بی ایس او کے چیئرمین جیئند بلوچ اور شیر باز کو گرفتار کیا گیا تا حال ان کا کوئی پتہ نہیں کہ وہ کہاں پر ہے جس کی وجہ سے ہمیں ذہنی کوفت اور اذیت کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے اگر انہیں منظر عام پر نہ لایا گیا تو 12 اگست پیر کو بدھ منو جان روڈ سے ریلی نکالیں گے اور احتجاج کریں گے جس سے حالات کی تمام تر ذمہ داری حکومت پر عائد ہوگی۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے بدھ کو وائس فار بلوچ مسنگ پرسنز کے وائس چیئرمین ماما قدیر بلوچ کے ہمراہ کوئٹہ پریس کلب میں پریس کانفرنس کے دوران کیا۔ انہوں نے کہا کہ بقیہ نمبر 4 صفحہ 5 پر

28 جولائی کو گوادر میں ہونے والی راجی مچی کے خلاف حکومتی کریک ڈاون کے باعث کوئٹہ اور بلوچستان بھر میں سینکڑوں کی تعداد میں نوجوانوں کو گرفتار کر کے لاپتہ کیا گیا اور اسی رات اسپنی روڈ کوئٹہ سے بلوچ اسٹوڈنٹس آرگنائزیشن کے مرکزی چیئرمین جیئند بلوچ اور سینئر وائس چیئرمین شیر باز بلوچ کو دیگر ساتھیوں کے ہمراہ سادی وردی میں ملبوس پولیس اہلکاروں اور مسلح افراد نے گرفتار کیا اور قائد آباد تھانہ لے گئے دوسرے روز چند ساتھی رہا ہو گئے کچھ کو جیل منتقل کیا گیا جبکہ جیئند بلوچ اور شیر باز بلوچ کو نامعلوم مقام پر منتقل کیا گیا جن بارے میں تا حال کوئی معلومات نہیں ہے۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 6 Dated: 08 AUG 2024 Page No. 22

## بلوچستان کی معاشی ترقی کے لئے مزید اقدامات کی ضرورت

صدر مملکت آصف علی زرداری نے گزشتہ روز ایک بار پھر اس عزم کا اعادہ کیا ہے کہ بلوچستان کی تعمیر وترقی کے حوالے سے وفاق اور صوبہ مل کر اقدامات کا سلسلہ جاری رکھیں گے اور اس حوالے سے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لاتے ہوئے عوام کے مسائل حل کئے جائیں گے وہ گزشتہ روز وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے ملاقات کے موقع پر اظہار خیال کرر ہے تھے۔ سرکاری ذرائع سے جاری ہونے والی خبر کے مطابق صدر مملکت آصف علی زرداری سے ایوان صدر میں وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے ملاقات کی ملاقات میں بلوچستان کی مجموعی سیاسی صورتحال، امن وامان اور صوبے میں جاری ترقیاتی منصوبوں کی پیشرفت سے متعلق تبادلہ خیال کیا گیا۔ وزیراعلیٰ نے صدر مملکت آصف علی زرداری کو صوبے کی معاشی واقتصادی ترقی اور عوام کی فلاح و بہبود کے لئے شروع کیے جانے والے ترقیاتی منصوبوں سے متعلق آگاہ کرتے ہوئے بتایا کہ صوبے میں صحت اور سماجی بہبود کی خدمات کو عوامی ضروریات سے ہم آہنگ کرنے کے لئے اقدامات اٹھائے جارہے ہیں۔ سندھ کے طرز پر پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ کے تحت طبی اداروں کی فعالیت کے لئے حکومت بلوچستان کے افسران نے سندھ کا دورہ کر کے جائزہ رپورٹ اور جامع سفارشات مرتب کی ہیں۔ صوبائی بجٹ میں قابل عمل منظور شدہ ترقیاتی منصوبوں کو شامل کیا گیا ہے تاکہ دستیاب وسائل کو عوام کی بہبود پر خرچ کیا جا سکے۔ صوبائی حکومت تمام تر فیصلے عوامی مفاد کو مدنظر رکھتے ہوئے کر رہی ہے اور حکومت کی یہی کوشش ہے کہ ان ترقیاتی منصوبوں کے ثمرات ایک عام بلوچستانی تک پہنچ سکیں۔ وزیراعلیٰ بلوچستان نے وفاقی ترقیاتی پروگرام میں مفاد عامہ سے متعلق بلوچستان کے جاری ترقیاتی منصوبوں کی شمولیت برقرار رکھنے کے لئے معاونت پر صدر مملکت کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ بلوچستان کے لوگوں سے دلی محبت اور صوبے کی ترقی کے لئے آپ کی کاوشوں کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں۔ اس موقع پر صدر مملکت آصف علی زرداری نے کہا ہے بلوچستان کو ترقی کے دھارے میں لانے کے لئے پہلے بھی خلوص دل سے کام کیا ہے اور آئندہ بھی کریں گے بلوچستان ہمارے دل کے قریب ہے خواہش ہے کہ بلوچستان ترقی کے عمل میں آگے بڑھے اور عام آدمی کا معیار زندگی بلند ہو۔ سب سے پہلے تو ہم صدر مملکت کو ان کے اس عزم پر خراج تحسین پیش کرتے ہیں کہ وہ وہ بلوچستان کی ترقی کے لئے کام کرتے رہیں گے یقیناً پیپلز پارٹی جب دو ہزار آٹھ سے دو ہزار تیرہ تک حکومت میں تھی تب بھی پیپلز پارٹی ہی نے آغاز حقوق بلوچستان پیکج لا کر بلوچستان کو آگے آنے اور مسائل کے حل میں غیر معمولی مدد دی اب بھی صدر مملکت آصف علی زرداری ہوں یا پھر وزیراعظم شہباز شریف، بلاول بھٹو زرداری و دیگر وفاقی زراء گاہے بگاہے بلوچستان کی ترقی کے حوالے سے دوٹوک اقدامات کا عزم دہراتے رہتے ہیں ہم انہیں سراہتے ہیں بلوچستان رقبے کے لحاظ سے ملک کا سب سے بڑا اور وسیع و عریض صوبہ ہے جہاں بد قسمتی سے پسماندگی، غربت، بے روزگاری اور دیگر مسائل روز اول سے موجود چلے آئے ہیں ان مسائل کے حل کے لئے گزشتہ کئی عشروں سے کام بھی ہوتا آیا ہے بالخصوص گزشتہ ایک ڈیڑھ عشرے کے دوران بلوچستان میں خاطر خواہ تیز رفتاری کے ساتھ ترقیاتی عمل جاری ہے جس کی تکمیل سے بلوچستان کے جملہ مسائل حل ہوں گے بلوچستان کے مسائل آسان بھی ہیں اور بہت مشکل بھی، آسان اس طرح سے ہیں کہ ماضی توجہ نہیں دی گئی اور اس دوران صوبائی حکومتوں نے اس حوالے سے کام نہیں اب وفاق بھی سنجیدہ ہے صوبائی حکومت بھی سنجیدہ اور فعال ومنظم ہے تو آسانی سے اگلے دو تین سال صوبے کے لئے خصوصی فنڈز کا اجراء کر کے تعمیر وترقی کے سفر کو تیز کیا جا سکتا ہے اور مشکل اس لئے ہے کہ وسائل کی بھی کمی ہے اور اوپر سے سیاسی جماعتیں جب اقتدار سے باہر ہوتی ہیں ان کا عزم وحوصلہ کچھ اور ہوتا ہے اور جب اقتدار میں آتی ہیں تو ان کی ترجیحات بدل جاتی ہیں بلوچستان ہی نہیں ملک بھر میں مسائل کے گھمبیر وسنگین ہونے کی وجہ یہی ہے کہ سیاسی جماعتوں نے ملک و قوم کو درپیش مسائل کے حوالے سے سنجیدہ رویہ نہیں دکھایا پیپلز پارٹی دو ہزار آٹھ سے تیرہ تک برسر اقتدار رہی پی پی کو آغاز حقوق بلوچستان پیکج لانے اور اس کے تحت ہزاروں نوجوانوں کو روزگار مہیا کرنے سمیت دیگر مسائل کے حل کے لئے عملی اقدامات اٹھانے کا شرف حاصل ہوا اس کے بعد دو ہزار تیرہ میں مسلم لیگ (ن) کی حکومت آئی اگر وہ آتے ساتھ پیپلز پارٹی کے جاری اقدامات کو برقرار رکھتی بلوچستان کو مزید توجہ ملتی فنڈز ملتے اور اس دوران یہاں قوم پرستوں اور مسلم لیگ (ن) کی جو صوبائی حکومت قائم ہوئی اگر وہ وفاق میں بلوچستان کے مسائل کو اچھے انداز میں رکھتے تو شاید آج صورتحال کچھ اور ہوتی ازیں بعد دو ہزار اٹھارہ میں پی ٹی آئی کی حکومت بنی پی ٹی آئی مرکز اور کے پی کے برعکس بلوچستان میں نہ ہونے کے برابر تھی یہ وجہ یا پھر وجوہات جو بھی ہوں پی ٹی آئی دور حکومت میں بلوچستان کے لئے اعلانات تو بہت ہوئے عملدرآمد میں سستی برتی گئی اب پھر مسلم لیگ (ن) حکمران جماعت ہے جس کے ساتھ پی پی اہم اتحادی ہے اور صوبے میں عنان اقتدار جیالے کے پاس ہے اب یہی وقت ہے کہ بلوچستان کے دیرینہ مسائل کے حل کے حوالے سے پہلے جاری اقدامات میں مزید تیزی لائی جائے بلوچستان کے حوالے سے ہم صدر مملکت کے گزشتہ روز ظاہر کئے گئے عزم کو سراہتے ہوئے اس امید کا اظہار کرتے ہیں کہ وہ بلوچستان کے مسائل کے حل، صوبے میں تعمیر وترقی کے سفر کو تیز تر بنانے صوبے کی معاشی ومعاشرتی ترقی کے لئے اپنا مدبرانہ کردار ادا کریں گے صوبائی حکومت کو چاہئے کہ وہ وفاقی حکومت کی مدد سے ترقیاتی عمل کی احسن تکمیل کو یقینی بنانے کے لئے اقدامات کا سلسلہ جاری رکھے اور اس حوالے سے تمام سٹیک ہولڈرز کو وقتاً فوقتاً اعتماد میں لیتے ہوئے دیرینہ عوامی مسائل کے حل کے لئے مزید فعالیت وتحریک کا ثبوت دے بلوچستان بھلے ترقی کے سفر میں پیچھے رہ گیا ہو مگر صوبے میں ہر شعبے میں آگے بڑھنے اور ترقی جدت واستحکام کے بہت زیادہ مواقع اور توانائی موجود ہے اور یہ بات بھی امر مسلمہ اور ناقبل تردید حقیقت ہے کہ بلوچستان کی ترقی اور خوشحالی کا اثر پورے ملک پر پڑے گا بلوچستان کی ترقی پورے ملک کی ترقی ہے امید ہے کہ وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی کی قیادت میں یہ موجودہ صوبائی حکومت وفاق میں بلوچستان کے مسائل کو احسن انداز میں اجاگر کرنے اور ان کے حل کے لئے کوئی دقیقہ فروگزاشت نہیں کرے گی۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Balochistan Time Quetta

Bullet No. 6

Dated: 08 AUG 2024 Page No. 23

# Handicraft sector

Though Balochistan is a mineral rich province yet there are ample opportunities for making progress in the handicraft sector. Comprehensive plans needed for the revival of the handmade carpet and other stuff industries in the province. In this regard small industry departments backed by the government can play an imported role. Balochistan is known for its unique and intricate production of handicrafts which include hand-made Balochi shoes known for their durability, uniqueness and fineness all over the country; fine mirror work, embroidery, and marble work and fine quality precious stones.

The hand-made manufacturing of Balochi shoes, bags, welts, cloths, hand bags and much other stuff are fine work requiring keen attention and hard work and great potential to attract buyers and earn revenue. The local handicrafts have been made in a huge quantity across the province, which are popular across the country and could be revealed as a best source of income for the local women. Unfortunately, no serious attention has been paid by the successive governments to promote the handicraft sector in Balochistan and provide better opportunities to the people associated with this important sector to have proper access to national and international markets. Therefore despite all the uniqueness, the handicraft sector could not thrive in the province. Regrettably owing to lack of focus and support on the part of government, this heritage is diminishing. Besides, owing to the rising prices of raw material and lack of patronage from the government, the situation of the handicraft sector is shrinking instead of thriving. No policy can be formulated for the home-based workers associated with traditional shoe-making unless and until authentic data and statistics is collected about these disadvantaged workers. There is no official data available on the skilled persons who made handicrafts and other artwork, and in return they were paid very little. Home-based workers are an important part of Balochistan's informal economy. Home-based work exists in all sectors of employment including handicrafts, manufacturing and agro-based sectors. It is an important source of employment for the local women who lack social security protection. A little focus on the part of government can bring a huge change in the life of workers associated with the handicraft sector. Through giving it status of industry and encouraging workers, the handicraft sector of the province has potential to engage a huge number of families to earn a respectable livelihood and contribute to strengthening the provincial economy. The government should play its due role in promoting handicrafts being made in the neglected rural and semi-urban areas of Balochistan.

CamScanner

**CLIPPING SERVICE**

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 6

Dated: 08 AUG 2024

Page No. 25


# بلوچستان کا نائن الیون!!

آٹھ اگست 2016ء، صوبے کے سب سے بڑے اور مرکزی شہر صوبائی دارالحکومت کوئٹہ کے بیچوں بیچ سول سنڈیمن ہسپتال میں پیش آنے والا ایک خونیں واقعہ جسے آج آٹھ برس پورے ہورہے ہیں۔ آج ہی کے دن کوئٹہ سمیت بلوچستان اور ملک بھر خون آلود اداسی غم اور سوگ میں ڈوب گیا تھا۔ جب "خون خاک نشیناں رزق خاک" ہوا۔ ایک ایسا دن جب صوبے کا شاید ہی کوئی ایسا ضلع یا قصبہ ہو جس میں کوئٹہ سے تابوت نہ بھیجا گیا ہو۔ روشنیوں کے شہر کراچی اور کوئٹہ سے اندرون بلوچستان تابوت بھجوانے کی روایت کوئی نئی نہیں۔ کافی عرصے سے یہ سب ہوتا رہا ہے۔ اندھے واقعات، بہرے حکمران اور کمزور حافظوں کے حامل معاشروں میں ایسا ہونا کوئی انہونی بات



**خامہ فرسائی**


جعفر خان ترین

Jaffartareen@gmail.com


بھی نہیں۔ مگر آٹھ اگست کو تو حد ہی ہوگئی۔ اس دن شاید ہی یہاں ایسی کوئی آنکھ بچی ہو جو اشکبار نہ ہوئی ہو۔ ایک ایسا دن جب دن دیہاڑے شب خون مارا گیا، جب عقل وشعور کی ایک کھڑی فصل پل بھر میں کاٹ دی گئی جب 60 گھروں کے روشن چراغ بجھانے کے لئے ایک ایسی بادصرصر چلی کہ سب کچھ دھندلا دھندلا دکھائی دینے لگا۔ صوبے کے مرکزی شہر اور دارالحکومت کوئٹہ کے وسط میں قائم صوبے کا قدیم سول سنڈیمن ہسپتال اس وقت معصوم انسانوں کے مقتل میں بدل گیا جب بلال انور کاسی کی میت لینے کے لئے ہسپتال آئے وکلاء اور ان کی کوریج کے لئے موجود صحافیوں کے بیچ ایک زوردار دھماکہ ہوگیا۔ یہ دھماکہ بھی اپنی نوعیت کے دیگر دھماکوں کی طرح اپنے پہلو میں کشت وخون کا ایک بازار سجا کر چلا گیا۔ ایک ایسا منظر جس میں صرف آہ و بکا تھی۔ موہوم ہچکیاں، کرب و اذیت اور ابتلاء سے بھری چیخیں، آن کی آن میں سب کچھ خلاص۔ 8 اگست 2016ء بلوچستان کی معلوم تاریخ کے سیاہ ترین ایام میں سے ایک ہے اس لئے نہیں کہ یہاں پہلے اس طرح کے واقعات رونما نہیں ہوئے گزرے دس برسوں کے دوران یہاں اس طرح کے درجنوں واقعات رونما ہوئے جن میں سیکورٹی اہلکاروں سے لے کر عام عوام تک، علماء کرام سے لے کر سیاسی رہنماؤں تک، تاجر، صنعتکار، اقلیتی برادری کے لوگ غرض ہر طبقے کے لوگ نشانہ بنے یقیناً ان سب کی زندگیاں قیمتی اور ان کا غم پہاڑ برابر تھا ایک ایک انسانی جان جو دہشت گردی اور وحشت پسندی کا نشانہ بنی قیمتی تھی مگر 8 اگست 2016ء کو سول ہسپتال کوئٹہ میں جو واقعہ پیش آیا اس میں بیک وقت ایسے درجنوں لوگ نشانہ بنے جن کی نہ صرف زندگیاں قیمتی تھیں بلکہ اس کے ساتھ ساتھ وہ دوسروں کے لئے بھی تحریک کا باعث تھے۔ یہ واقعہ بلوچستان کا نائن الیون تھا جسے بدقسمتی سے اس وقت صوبے کی ایک جماعت کے سربراہ نے 1935ء کے زلزلے سے تشبیہ دی۔ مگر میں سمجھتا ہوں کہ یہ واقعہ 1935ء کے زلزلے جیسا ہرگز ہرگز نہیں تھا جو لوگ اسے اس حادثے سے تشبیہ دیتے ہیں وہ شاید نہیں جانتے کہ حادثات اور واقعات میں زمین وآسمان کا فرق ہوا کرتا ہے۔ یہ تو بلوچستان کا نائن الیون تھا جس نے نہ صرف بلوچستان بلکہ ملک بھر اور پوری دنیا میں ہر اس شخص کے رونگٹے کھڑے کردیے جو انسان اور انسانیت کی اہمیت سے واقف و آگاہ ہے۔ سانحہ 8 اگست 2016ء نہ صرف کوئٹہ بلکہ بلوچستان کی معلوم تاریخ کا ایک ایسا زخم ہے جس کے درد سے اٹھنے والی ٹیس شاید ہی کبھی کم ہوسکے البتہ وہ خلاء کبھی پر نہیں ہوگا جو اس سانحہ میں شہید ہونے والوں کے جانے سے پیدا ہوا ہے 8 اگست 2016ء کو سول ہسپتال کوئٹہ میں جو کچھ ہوا وہ بظاہر بلوچستان میں دہشت گردی اور انسانیت سوزی کے انہی واقعات میں سے ایک ہے جو یہاں گزشتہ چند سالوں سے تواتر کے ساتھ پیش آتے رہے ہیں اس تناظر میں اسے 1935ء کے زلزلے سے تشبیہ دینا ایک عجیب سی بات ہے 1935ء کا زلزلہ ایک آفت تھی جسے حادثاتی تناظر میں لیا جاتا ہے جبکہ 8 اگست کا واقعہ حادثاتی نہیں واقعاتی پس منظر کا حامل ہے مہذب معاشروں میں جب اس طرح کے واقعات ہوتے ہیں تو حاکموں کا ضمیر چیخنے لگتا ہے مگر ہمارے ہاں ایسا نہیں۔ بقول فیض

بے اہل دل کے لئے اب یہ نظم بست وکشاد
کہ سنگ وخشت مقید ہیں اور سگ آزاد
بہت ہے ظلم کہ دست بہانہ جو کے لئے
جو چند اہل جنوں تیرے نام لیوا ہیں
بنے ہیں اہل ہوس مدعی بھی منصف بھی
کسے وکیل کریں کس سے منصفی چاہیں

8 اگست 2016ء کو ایک انسانی آفت دھماکے کی شکل میں رونما ہوئی اور دیکھتے ہی دیکھتے بلوچستان کے روشن چراغوں کو بجھا کر چلی گئی۔ ایسے ایسے لوگ خاک وخون میں مل کر رہ گئے کہ آج بھی فقط ان کا نام سن کر جھرجھری سی آجاتی ہے۔ شہداء کی لمبی اور ایک ایسی فہرست جس میں شامل ہر نام اس صوبے کے لئے امید کی کرن تھا مگر وائے افسوس کہ امید کی کرنوں کو پیوند خاک کردیا گیا۔ شہداء کی فہرست پر نظر ڈالیں پھر ارد گرد کے حالات پر۔ یقیناً کسی بھی انسان کی جان قیمتی ہوتی ہے اور خون کسی بھی انسان کا ہے وہ انمول ہوتا ہے مگر اس واقعے میں ایک ساتھ جس طرح سے معاشرے کے باشعور اور اعلیٰ تعلیم یافتہ افراد کو نشانہ بنایا گیا وہ ہماری جدید تاریخ کا ناقابل فراموش باب بن گیا ہے۔ ایک ایسا باب میں جس میں حاکمان وقت سے لے کر ایک عام سیاسی کارکن تک بھی کی حقیقت معلوم کی جاسکتی ہے۔ دھماکے کے ایک "دھپ" میں اڑتے ہوئے انسانی چیتھڑے، ایک دوسرے کا نام پکارتے زخمی، لوگوں کو انصاف دلانے کا عزم لے کر عدلیہ سے منسلک ہونے والے کالے کوٹ پہنے وکیل جن کی موت قانون کے ترازو میں بے انصافی کے پلڑے کو اور بھاری کرگئی۔ کیمرہ مین محمود اور شہزاد جو فرض کی ادائیگی کرتے ہوئے کلمہ پڑھ کر شہید ہوگئے، میڈیا مالکان کے سامنے بے بسی کی تصویر بنی صحافتی تنظیمیں جو یہ پتہ نہ چلا پائیں کہ کیونکر شہزاد اور محمود کے کیمرے انشورڈ تھے اور یہ کیمرے چلانے والے غیر انشورڈ۔ ڈاکٹر شہلا اور فوٹو گرافر جمال ترکئی جیسے لوگ جو جان ہتھیلی پر لے کر اپنے اپنے فرض کی تکمیل میں لگے رہے اس ناقابل فراموش باب میں سبھی کا عکس دیکھا جاسکتا ہے۔ اس باب میں ہمیں یہ تلخ حقیقت بھی معلوم ہوجاتی ہے کہ صوبے کے سب سے بڑے ہسپتال میں ہنگامی حالات سے نمٹنے کی صلاحیت کتنی تھی۔ صوبے کی تاریخ کے اس سیاہ باب میں جھانکیں تو ہر طرف المیے دکھائی دیں گے، صوبے کے سب سے قدیم ہسپتال میں ادویات کی عدم فراہمی کا المیہ، بروقت طبی امداد نہ ملنے پر ایڑھیاں رگڑتے زخمیوں کا المیہ، عوام کی نمائندگی کا دعویٰ رکھنے والوں کی عوام سے لاپرواہی کا المیہ، ایک المیے سے نکلا دوسرا المیہ اور المیے در المیے……!!

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Zamana Quetta

Bullet No. 6

Dated: 08 AUG 2024 Page No. 26

# بلوچستان میں 2 ہفتوں سے قومی شاہراہیں بند
# اشیائے ضرورت کی قلت پیدا ہو گئی

## قوم پرستی کے نام پر مسلط تشدد کا مقابلہ کریں گے، ایسے لوگ پرامن شہری نہیں ہو سکتے، وزیر اعلیٰ سرفراز بگٹی




خلیل احمد


بلوچ یکجہتی کمیٹی اور بلوچستان حکومت کے درمیان مذاکرات میں ڈیڈلاک برقرار ہے جس کی وجہ سے گوادر اور کوئٹہ سمیت صوبے کے کئی شہروں میں بلوچ یکجہتی کمیٹی کے احتجاجی دھرنے جاری تھے۔ بی وائی سی کی جانب سے دھرنوں کا سلسلہ 28 جولائی کو شروع ہوا تھا 28 جولائی کو گوادر میں بی وائی سی کی جانب سے اعلان کردہ بلوچ قومی اجتماع کو روکنے کیلئے بلوچستان حکومت کی جانب سے صوبے کے دیگر علاقوں سے گوادر جانے والے تمام راستے کنٹینرز لگا کر اور رکاوٹیں ڈال کر سیل کر دیے گئے تھے، اس کے ساتھ ساتھ حکومت کی جانب سے گوادر، تربت سمیت دیگر حساس اضلاع میں موبائل نیٹ ورک بند کر دیا گیا جو تقریبا 8 دن تک بند رہنے کے بعد 3 دن پہلے بحال کر دیا گیا، تاہم کوئٹہ کراچی کے علاوہ مکران ڈویژن سے کوئٹہ آنے والی تمام قومی شاہراہیں اب بھی بند پڑی ہیں۔ شاہراہوں کی بندش سے نہ صرف کوئٹہ بلکہ اندرون بلوچستان پیٹرول کی شدید قلت پیدا ہو گئی ہے اسی قلت کے سبب پیٹرول کی قیمتوں نے بے تحاشا اضافہ ہوا ہے۔ کوئٹہ کے زیادہ تر پیٹرول پمپس پر ایندھن دستیاب نہیں ہے' کے بورڈز لگے ہوئے ہیں، کچھ پیٹرول پمپس جنہوں نے ایرانی پیٹرول کی دستیابی کو ممکن بنایا ہے۔ اسے نمایاں طور پر مہنگے داموں فروخت کیا جا رہا ہے اور ان پمپس پر گاڑیوں کی لمبی قطاریں دیکھنے کو ملی ہیں۔ مختلف اضلاع میں جاری دھرنوں کی صورتحال میں شہریوں کے معمولات زندگی مفلوج ہو کر رہ گئے ہیں،، صوبے کے مختلف شاہراہوں کی بندش سے ان علاقوں میں عوام کو غذائی قلت میں کمی کا سامنا ہے۔ حکومت بلوچستان اور بلوچ یکجہتی کمیٹی کے درمیان گذشتہ دنوں ہوئے مذاکرات اور معاہدے کے بعد اعتماد کا فقدان نظر آ رہا ہے۔ فریقین کے درمیان معاہدے پر مکمل عمل درآمد نہیں ہو سکا ہے۔ بلوچ یکجہتی کمیٹی اور حکومت کی جانب سے ایک دوسرے پر معاہدے کی پاسداری نہ کرنے کے الزامات کا سلسلہ بھی برقرار ہے۔ بلوچ یکجہتی کمیٹی کی جانب سے دھرنوں کے خاتمے کو شاہراہوں سے رکاوٹیں ہٹانے، گوادر سٹی، نوشکی سمیت بلوچستان کے دیگر میں مواصلاتی نظام کی بحالی، دھرنوں میں شیلنگ اور فائرنگ سے جاں بحق اور زخمیوں کی ایف آئی آر درج کرنے سے مشروط کیا گیا ہے۔ بلوچ یکجہتی کمیٹی کا کہنا ہے کہ حکومت کی جانب سے 'طاقت کے استعمال' کے بعد گوادر میں بلوچ قومی اجتماع کو دھرنے میں تبدیل کر دیا گیا۔

جبکہ دوسری جانب حکومتی وفد کے سربراہ ڈپٹی کمشنر گوادر حمود الرحمٰن کا کہنا ہے کہ حکومت کی جانب سے معاہدے کی مکمل پاسداری کی جا رہی ہے پہلے مرحلے میں گوادر سمیت بلوچستان کے مختلف اضلاع میں گرفتار بی وائی سی کے کارکناں کو رہا کر دیا گیا ہے۔ مظاہرین کے خلاف تھری ایم پی او کے تحت درج ایف آئی آرز کے خاتمے کا نوٹیفکیشن جاری کیا گیا ہے، گوادر سٹی کے علاوہ باقی جگہوں پر مواصلاتی نظام بھی بحال کیا گیا ہے اور مکران کوسٹل ہائی پر مال بردار گاڑیوں کو سفر کی اجازت دی گئی ہے۔ جبکہ معاہدے کے مطابق شاہراہوں اور مواصلاتی نظام کی مکمل بحالی دھرنوں



کے خاتمے سے مشروط تھی، مگر بلوچ یکجہتی نے ابھی تک گوادر سمیت بلوچستان کے مختلف اضلاع میں جاری اپنے دھرنوں کے خاتمے کا اعلان نہیں کیا ہے۔ دوسری جانب وزیر اعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی نے یوم شہداء پولیس کے موقع پر آئی جی آفس میں ایک تقریب سے خطاب کے دوران بلوچستان میں بلوچ یکجہتی کمیٹی کی جانب سے جاری احتجاج اور دھرنوں کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ ریاست کو ایک منظم سازش کے ذریعے بدنام کیا جا رہا ہے۔ دہشت گردی کے چیلنج سے نمٹنے کیلئے ہماری پولیس اور لیویز ہی کافی ہے ہم نے کبھی مذاکرات سے انکار نہیں کیا لیکن اس کی آڑ میں ملک دشمن کارروائیوں کی کسی کو اجازت نہیں دیں گے۔ بلوچستان میں قوم پرستی کے نام پر تشدد مسلط کیا گیا اس کا مقابلہ کرینگے تشدد برپا کرنے والے ہرگز پرامن شہری نہیں ہو سکتے پرامن احتجاج کے نام پر عام شہریوں کو اغوا کیا گیا بندوق اٹھانے والوں کا آمنے سامنے مقابلہ کیا جائے گا خواتین کو ڈھال بنا کر بلوچستان کی روایات کو پامال کیا گیا جسکی سوچ بلوچستان کو کمزور کرنا ہے انہیں ہم آزاد نہیں چھوڑ سکتے۔

وزیر داخلہ بلوچستان میر ضیاء اللہ لانگو نے بھی اپنے ایک بیان میں کہا ہے کہ بلوچ یکجہتی کمیٹی کے احتجاج سے متعلق کہنا ہے کہ مظاہرین کی جانب سے کوئٹہ میں احتجاج کیا گیا توڑ پھوڑ کی گئی حکومت کی پالیسی تھی کہ پرامن مظاہرہ کیا جائے کوئی رکاوٹ نہیں ڈالیں گے، پرتشدد احتجاج کے باوجود حکومت نے صبر کا دامن تھامے رکھا، کوئٹہ میں احتجاج کے بعد گوادر میں احتجاج کی کال دی گئی، گوادر میں احتجاج شروع ہوا تو وزیر اعلیٰ بلوچستان کی ہدایت پر مذاکرات کے لیے کئی دن تک گوادر میں ہی موجود رہا، گوادر میں آل پارٹیز کے نمائندوں، رکن صوبائی اسمبلی مولانا ہدایت الرحمان کی موجودگی میں مذاکرات کیے گئے، دھرنے میں موجود خواتین ہماری مائیں بہنیں اور بچے ہمارے ہی لوگ ہیں، دھرنے کو پرامن طور پر ختم کروانا چاہتے ہیں۔ حکومت نے وہ مطالبات بھی تسلیم کیے جو ماننے والے نہیں تھے۔ ہم نے دھرنے والوں کے مطالبے پر تمام گرفتار افراد کو رہا کر دیا۔ تحریری معاہدہ ہونے کے باوجود دھرنا ختم نہیں کیا گیا۔ حکومت نے تمام مطالبات تسلیم کیے، 75 افراد کو رہا کیا، شاہراہیں کھول دیں، لیکن جانے انجانے میں کچھ لوگ بھارتی ایجنڈے کی تکمیل کر رہے ہیں بھارت سی پیک کی تکمیل میں رکاوٹیں پیدا کر رہا ہے، ہندوستان ہمارے لوگوں کو ہمارے ہی خلاف استعمال کرنے کی ناکام کوشش کر رہا ہے۔



# CLIPPING SERVICE


DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No.  Dated: 08 AUG 2024  Page No.




پارلیمانی سیکرٹری ایس اینڈ جی اے ڈی میر لیاقت لہڑی، صوبائی مشیر لیبر بابا غلام رسول عمرانی، کلثوم نیاز، نادر گل بڑیچ اور دیگر یوتھ اسکل ڈیپ کی افتتاحی تقریب میں شیلڈز تقسیم کر رہے ہیں



صوبائی مشیر برائے صنعت و حرفت [illegible] سے متعلق اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں



کوئٹہ: صوبائی وزیر صادق عمرانی اور سیکرٹری آبپاشی سے نصیرآباد [illegible] ویٹ کا وفد ملاقات کر رہا ہے

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. ______ Dated: 08 AUG 2024 Page No. ______



چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان بیس کمانڈر پی اے ایف کوئٹہ ایئر کموڈور شاہد افضال کو شیلڈ دے رہے ہیں